## سوال

(830)آنکھوں کی پلکوں کے پٹھے پھڑکنے پر دم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے بوڑھے آنکھوں کی پلکوں کے پٹھوں کے پھڑکنے کے متعلق عجیب باتیں بتاتے ہیں۔ جب ڈاکٹر اسے آنکھ کی کمزوری لاعلاج اور مولوی دم درود والے اس کا دَم بھی نہیں بتاتے کیا اس میں کوئی عمیق اشارہ حالاتِ آدم کے متعلق بھی ہے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آنکھوں کی پلکوں کے پٹھوں کے پھڑکنے کا سب سے بہتر دم ''سورۃ فاتحہ'' پڑھ کر دَم کردیا جائے۔ باذن اللہ درست ہو جائے گا۔ دراصل یہ کمزوری جسمانی تغیرات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کا سب سے بہتر علاج خلوصِ نیت سے اللہ کی طرف رجوع ہے۔ اور ''سورۃ فاتحہ'' قرآن کے جملہ مضامین کا خلاصہ ہے جو اللہ سے لگاؤ کا بہترین ذریعہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3، متفرقات: صفحہ:566

## محدث فتویٰ